

Scanned by CamScanner

NM

اسم ذات

وہ اسم نکرہ ہے۔ جو ایک قسم کی چیز کو دوسری قسم کی چیز سے الگ پہنچاننے کے لئے استعمال ہو۔ مثلاً: **عورت۔ لڑکا۔ ہاتھی۔ شیر۔ کرسی۔ میز۔ سیب۔ آم۔ سونا اور چاندی۔**

یہ سب انسانوں، جانوروں اور چیزوں کے نام ہیں۔ ان کے ناموں کی وجہ سے ہم انہیں ایک دوسرے الگ کر سکتے ہیں اور پہچان سکتے ہیں یعنی ایک چیز کی حقیقت دوسری چیزوں سے الگ پہچان جائے اور اس سے کوئی وصف مراد نہ ہو۔

Scanned by CamScanner

NM

اسم ذات

اسم ذات کی پانچ اقسام ہیں۔

۱۔اسم مصغر

۲۔اسم مکبر

۳۔اسم ظرف

۴۔اسم آلہ

۵۔اسم صوت

Scanned by CamScanner

ا۔اسم مصغر:

بعض الفاظ ایسے ہوتے ہیں جو چیزوں کو چھوٹائی ظاہر کرتے ہیں ان کو اسم مصغر کہتے ہیں۔

مثلاً: صندوقچی۔باغیچہ۔پہاڑی۔وغیرہ

* ۔دام سے دمڑی

* ۔شیشہ سے شیشی

Scanned by CamScanner

NM

۲۔اسم مکبر:

وہ اسم ہے جو کسی اسم کی بڑائی ظاہر کرے۔

باغ، کھاٹ، پہاڑ، وغیرہ

Scanned by CamScanner

NM

۵۔اسم ظرف:

اسم ظرف وہ اسم ہے جس میں جگہ یا وقت کے معنی پائے جائیں۔

یعنی اسم ظرف وہ اسم ہے جو جگہ یا وقت کا نام ہو۔

اسم ظرف کی اقسام

اسم ظرف کی دو اقسام ہیں۔

1. مکاں

2. زماں

Sorry for Unw

Scanned by CamScanner

NM

اسم ظرف مکاں

وہ اسم ہے جس میں جگہ یا مقام کا ذکر ہو۔

مثلاً:

1۔ یہ باغ خوبصورت ہے۔

2۔ پرندے پنجرے میں بند ہے۔

3۔ مری میں میرا ایک چھوٹا سا گھر ہے۔

ان مثالوں میں **گھر**، **پنجروں** اور **باغ** جگہ کے نام ہیں۔ مزید مثالوں سے سمجھئے ان میں مسجد، مدرسہ یہاں وہاں، ریگستان بھی ہو سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

NM

اسم ظرف زماں

وہ اسم ہے جس میں زمانے یا وقت کا ذکر ہو۔

جیسے: صبح، شام، دن، رات، کل اور پرسوں وغیرہ

مثلاً:

- بچے شام میں کرکٹ کھیل رہے ہیں۔
- صبح سویرے اٹھنا صحت کے لئے اچھا ہوتا ہے۔
- احمد رات کو جلدی سو جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

۳۔ اسم آلہ

وہ اسم ہے جس میں اوزار یا ہتھیار کے معنی پائے جائیں یا کسی ایسی چیز کا نام ہو۔ جس کے ذریعے سے کوئی کام لیا جائے۔

آپ نے مکسک، سنار۔ بڑھئی کے پاس اوزار دیکھے ہونگے۔ اسی طرح سپاہی بھی مختلف ہتھیار استعمال کرتے ہیں۔ ان سب کو اسم آلہ کہتے ہیں۔

مثلاً: قلم۔ چاقو۔ چھری۔ چابی۔ چمٹا۔ وغیرہ

Scanned by CamScanner

NM

اسم صوت

اسم صوت وہ اسم ہے جو کسی جان دار یا غیر جاندار اسم کی آواز کو ظاہر کرے۔

اسم صوت وہ اسم ہے جو کسی آواز کا نام ہو۔

آپ نے گھنٹی، طوطا، کوا، کوئل اور چڑیوں کی آوازیں سنی ہو نگی یہ سب آوازیں اسم صوت ہیں۔

مثلاً:

Scanned by CamScanner

اسم	صوت
کوئل	کوکو
شیر	دھاڑ
بارش	رم جھم
بکری	میں میں
ہنسی	ہی ہی
بادل	گڑگڑاہٹ
کوا	کائیں کائیں
بلی	میاؤں میاؤں

Scanned by CamScanner